# پریس ریلیز

## پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ (PSDF)اور Generation کے مابین پاکستان میں نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے شراکت داری کا آغاز

## نئی کوشش بے روزگار اور جزوی ملازمت والے نوجوانوں کو تربیت کی فراہمی کے ساتھ منسلک کرے گی اور ملازمتوں کا آغاز اس سال کے آخر میں ہوگا

لاہور۔16فروری2018ء

پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ (PSDF)اور GENERATION نے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے مل کر کام کرنے کے حوالے سے اشتراک کرلیا ہے۔ دونوں ادارے مل کر پاکستان میں نوجوانوں کے لئے کام کریں گے۔اس شراکت داری سے لاہور میں مشترکہ پروگرام کا آغاز کیا جائے گا جس میں مستقبل میں اضافی مقامات کو شامل کیا جائے گا تاکہ اس پروگرام کے آزمائشی مرحلہ میں 2500 نوجوانوں تک رسائی حاصل کی جاسکے۔دونوں ادارے اس مقصد کے لئے مختلف شعبوں کی نشاندہی کررہے ہیں جن میں گارمنٹس انڈسٹری، ہیلتھ کیئر، فنانشل سروسز، کسٹمر سروسز اور ڈیجیٹل جابز شامل ہیں۔نیا پروگرام مقامی اور قومی اداروں کو مختص شعبوں میں ملازمتوں کی نشاندہی اور بہترین ٹیلنٹ کی فراہمی کیلئے شراکت داری فراہم کرے گا۔

PSDF کے چیئرمین ڈاکٹر اعجاز نبی نے کہا کہ PSDF نوجوانوں کو فنی تربیت اور مہارتوں سے آراستہ کرنے کے حوالے سے بہترین ساکھ کا حامل ہے۔ہم دنیا کی معروف غیر منافع بخش تنظیم GENERATION کے ساتھ اپنے تربیتی پروگراموں میں بین الاقوامی تجربہ ثابت کرنے کیلئے شراکت داری کررہے ہیں تاکہ پنجاب بھر میں مختلف اداروں کو باصلاحیت نوجوانوں کی ایک کھیپ فراہم کی جاسکے جس کے ذریعے ان اداروں کی کارکردگی میں نمایاں تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔

PSDF کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جواد خان نے کہا کہ GENERATION چار برصغیروں پر مشتمل ممالک میں اداروں کیلئے فنی اور جدید تربیت سے آراستہ گریجویٹ نوجوان کامیابی سے فراہم کررہی ہے۔PSDF اپنے گریجویٹس کیلئے زیادہ سے زیادہ آمدن کے مواقع کے جدید طریقے فراہم کررہا ہے۔یہ ہماری دونوں تنظیموں کا مشترکہ مقصد ہے جو ہمیں اکٹھا کرتا ہے۔PSDF، GENERATION کو پاکستان لایا ہے۔یہ شراکت داری اس بات کو یقینی بنائے گی کہ PSDF کے فنڈز سے چلنے والے پروگرام اور اس کے گریجویٹس دنیا بھر میں GENERATION کی جانب سے بین الاقوامی طور پر ثابت شدہ طریقوں اور روایات کے استعمال سے فائدہ اٹھائیں۔

GENERATION کی سی ای او اور صدر مونا مورشد نے کہا کہ GENERATION کے لئے حقیقی طور پر سال کا بہترین آغاز ہے جو ہمارے پانچ ممالک سے اب نئے جغرافیوں تک توسیع حاصل کررہا ہے۔ہمیں PSDF کی طرح باعزت اور جدت پسندی کے ادارے کے طور پر کام کرنے کا اعزاز حاصل ہے جس کا مقصد پہلی بار پاکستان کیلئے GENERATION کی ثابت شدہ حکمت عملی متعارف کرانا ہے۔

GENERATION نوجوانوں کو ملازمتوں پر بھرتی کرنے، تربیت فراہم کرنے اور تعینات کرنے کیلئے ضرورت پر مبنی ایک روزگار کا پروگرام ہے۔اداروں کے ساتھ قریبی روابط استوار کرتے ہوئے GENERATION نے 20 پیشہ ورانہ اور چار شعبوں میں مختلف پروگرام وضع کئے ہیں۔نئے پروگرام کے تحت پاکستان میں تربیت حاصل کرنے والے افراد پانچ ممالک بھارت، کینیا، میکسیکو، سپین اور امریکہ کے 17000 سے زائد گریجویٹس کے ساتھ شامل ہوں گے۔ان گریجویٹس میں سے 83 فیصد کے پاس گریجویشن کے تین ماہ کے اندر ملازمت ہوتی ہے اور 70 فیصد ایک سال تک ملازم رہتے ہیں۔تربیت حاصل کرنے کے بعد اوسطاً یہ گریجویٹس دو سے چھ فیصد زیادہ آمدن کمانے کے قابل ہوسکیں گے اور مجموعی طور پر GENERATION کے گریجویٹس نے 55 ملین امریکی ڈالر تنخواہوں کی صورت میں آمدن کمائی ہے۔

GENERATION پروگرام کے شرکاء 4 سے 12 ہفتوں کی بوٹ کیمپ سٹائل تربیت مکمل کرتے ہیں جس سے ان کی تکنیکی مہارتوں میں اضافے کے علاوہ ان کے رویئے اور ذہنی رجحانات پر بھی اثرات مرتب ہوتے ہیں اور ان سے طلباء کو کام کرنے کی جگہ اور ذاتی طور پر درپیش چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد ملتی ہے۔ پروگرام کی کامیاب تکمیل کے بعد طلباء کو شراکت دار اداروں کے ساتھ ملازمت کے لئے انٹرویوز کی ضمانت ہوگی۔ ملازمت دینے والے اپنی سرمایہ کاری پر منافع کے خواہاں ہوتے ہیں، ملازمت فراہم کرنے والے 98 فیصد کا کہنا ہے کہ وہ دوبارہ ایک Generation گریجویٹ رکھنا چاہتے ہیں جبکہ 88 فیصد کا کہنا ہے کہ Generation گریجویٹس کی کارکردگی زیادہ بہتر ہوتی ہے۔ لاہور میں اس سلسلے کا نیا پروگرام سال کی دوسری سہ ماہی میں باقاعدہ طور پر شروع کیا جائے گا۔ اس میں شرکت کے خواہشمند info@generation.org سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

PSDF کے بارے میں معلومات

پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ (PSDF) سیکشن 42 کے تحت نان فار پرافٹ کمپنی کے طور پر رجسٹرڈ ہے۔ 2010ء میں اس کا قیام کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے تحت حکومت پنجاب کی طرف سے برطانیہ کے بین الاقوامی ترقی کے ادارے DFID، UK کے اشتراک سے عمل میں لایا گیا۔ ورلڈ بینک بھی حکومت پنجاب کو PSDF کے تربیتی پروگراموں کے لئے فنڈز فراہم کررہا ہے۔ PSDF کا مقصد پنجاب کے 36 اضلاع کے غریب اور محروم طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کو فنی تربیت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنا روزگار کمانے کے قابل ہوسکیں۔ 2011ء میں اپنے قیام کے بعد سے لے کر اب تک PSDF نے دو لاکھ 50 ہزار نوجوانوں کو 200 مختلف قسم کی مہارتوں کی تربیت دی ہے اور 250 نجی اور سرکاری تربیتی اداروں اور شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔ اگلے پانچ سال کے دوران پنجاب بھر میں اس پروگرام کے تحت چار لاکھ نوجوانوں کو تربیت فراہم کی جائے گی جس سے ان کو پاکستان اور پاکستان سے باہر روزگار کے مواقع حاصل ہوں گے۔

GENERATION کے بارے میں

دنیا بھر میں 75 ملین سے زائد نوجوان بے روزگار ہیں اور اس سے تین گنا زائد تعداد ایسے افراد کی ہے جو جزوی ملازم ہیں۔ اسی طرح 40 فیصد ملازمین ایسے ہیں جو مناسب فنی تربیت سے محروم ہیں اور اس کی وجہ سے وہ مناسب ملازمتوں سے محروم ہیں اور ابتدائی قسم کے کام کرنے پر مجبور ہیں۔ GENERATION نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے والا غیر منافع بخش ادارہ ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو بہترین، مناسب اور پائیدار بنیادوں پر روزگار کے مواقع کے قابل بنانا ہے تاکہ وہ اعلیٰ فنی تربیت حاصل کرکے اور اپنی مہارتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے روزگار حاصل کرسکیں۔ اس سلسلے میں پہلا متحرک پروگرام بھارت، کینیا، میکسیکو، سپین اور امریکہ میں شروع کیا گیا اور GENERATION یو کے، ہانگ کانگ اور پاکستان میں 2018ء میں کام شروع کرے گی۔ اس ادارے کا قیام مکنسی اینڈ کمپنی 2014ء میں عمل میں لائی تھی۔

OOO

تصویر کا کیپشن

بائیں سے دائیں جانب صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر Generation ڈاکٹر مونا مورشد، PSDF کے چیئرمین جناب ڈاکٹر اعجاز نبی، PSDF کے سی ای او جناب جواد خان دستخط کرنے کی تقریب میں